Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴
فون: ۴۴۹
ایڈیٹر: نسیم سیفی

جلد ۷۷/۴۲ | جمعہ ۴ شوال ۱۴۱۲ھ، ۱۰ شہادت ۱۳۷۱ ہش، ۱۰ اپریل ۱۹۹۲ء | نمبر ۸۳

دُعا کبھی ناکام نہیں ہوئی

"یہ ہو ہی نہیں سکتا اور کبھی نہیں ہوا، ساری تاریخ انبیاء، ساری تاریخ مذاہب ہمیں بتا رہی ہے کہ دُعا ہمیشہ کارگر ثابت ہوئی ہے اور دعا کے نتیجہ میں سعید روحوں کو خدا تعالیٰ کی راہ میں کھچے ہوئے دوڑتے ہوئے خدا کے حضور حاضر ہونے کی توفیق ملتی رہی ہے۔"

(ارشاد سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ (الرابع) ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز)

محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی صحت کے متعلق اطلاع اور دُعا کی درخواست

ربوہ - ۱۰ اپریل۔ مکرم ڈاکٹر لطیف احمد صاحب قریشی فضل عمر ہسپتال۔ ربوہ نے محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب ناظر اعلیٰ و امیر مقامی ربوہ کی صحت کے متعلق آج صبح ۹ بجکر ۴۵ منٹ پر مندرجہ ذیل اطلاع بھجوائی ہے:

"کل رات سے دل کی دھڑکن بہت تیز اور بے قاعدہ ہو گئی تھی۔ جس کی وجہ سے دل کی کارکردگی شدید طور پر متاثر ہوئی لیکن ۲۴ گھنٹے کے دوران اللہ تعالیٰ کے فضل سے یہ دھڑکن کسی حد تک قابو میں آچکی ہے گو کہ بے قاعدگی تاحال موجود ہے۔ گردوں کے عمل میں بھی کمزوری آگئی ہے۔ حالت تاحال تشویشناک ہے۔

احباب شفائے کاملہ عاجلہ کے لئے خصوصی دعا کریں۔"

احمدی احباب کی تربیت کے لئے

ارشادات حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ

"اس میں شک نہیں کہ دُعاؤں کی قبولیت پر ہمارا ایمان ہے، اور اللہ تعالیٰ نے اُن کے قبول کرنے کا وعدہ بھی فرمایا ہے مگر دُعاؤں کے اثر اور قبولیت کو توجہ کے ساتھ بہت بڑا تعلق ہے اور پھر حقوق کے لحاظ سے دُعا کے لئے جوش پیدا ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ کا حق سب پر غالب ہے۔ اس وقت دنیا میں شرک پھیلا ہوا ہے اور ایک عاجز انسان کو اللہ تعالیٰ کے ساتھ شریک کیا جاتا ہے۔ اس لئے فطرتی طور پر ہماری توجہ اس طرف غالب ہو رہی ہے کہ دنیا کو اس شرک سے نجات ملے اور اللہ تعالیٰ کی عظمت قائم ہو اس کے سوا دوسری طرف ہم توجہ کر ہی نہیں سکتے۔ اور یہ بات ہمارے مقاصد اور کام سے دُور ہے کہ اس کو چھوڑ کر دوسری طرف توجہ کریں بلکہ اس میں ایک قسم کی معصیت کا خطرہ ہوتا ہے۔

ہاں یہ میرا ایمان ہے کہ بیماروں یا مصیبت زدوں کے لئے توجہ کی جاوے تو اس کا اثر ضرور ہوتا ہے۔"

(ملفوظات جلد سوم صفحہ ۴۰۳)

ضروری اعلان

حضرت امام جماعت احمدیہ الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ نے "وقفِ نو" سکیم کے کام کی وسعت اور اہمیت کے پیشِ نظر اس شعبہ کو وکالت کا درجہ دے دیا ہے۔ اور مکرم چوہدری محمد علی صاحب ایم اے کو اس وکالت کا وکیل مقرر فرمایا ہے۔

احباب جماعت کی اطلاع اور رابطہ کی سہولت کے لئے عرض ہے کہ آئندہ اس شعبہ سے متعلقہ امور کے لئے مکرم وکیل صاحب وقفِ نو سے مندرجہ ذیل پتہ پر خط و کتابت فرمائیں۔

"مکرم وکیل صاحب وقفِ نو
تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ
(۳۵۴۶۰) ضلع جھنگ
(وکیل اعلیٰ)"

مجلس نابینا ربوہ کا اجلاس

مجلس نابینا ربوہ کی میٹنگ مورخہ ۱۲ اپریل بروز اتوار بوقت تین بجے بعد دوپہر مکرم ندیم احمد صاحب ولد محمد صدیق صاحب محلہ دارالشکر کے ہاں منعقد ہو رہی ہے مجلس مشاورت پر آنے والے مجلس نابینا کے ارکان اس میں شمولیت فرمائیں۔

رابطہ: حافظ محمد ابراہیم
جنرل سیکرٹری مجلس نابینا ربوہ
کوارٹر نمبر ۲۷، تحریک جدید ربوہ

ولادت

مکرم محمد اسلم ایاز صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ ان کی بیٹی عزیزہ شاہدہ قدسیہ اہلیہ مکرم عبدالرشید صاحب آف منڈی بہاؤالدین کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ ۱۵ دسمبر ۱۹۹۱ء بروز اتوار پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے "فاتح احمد" نام عطا فرمایا ہے۔

احباب جماعت سے نومولود جو وقفِ نو میں شامل ہے کی صحت و سلامتی اور خادم دین بننے کے لئے درخواست دُعا ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ
پبلشر: آغا سیف اللہ ، پرنٹر: قاضی منیر احمد
مطبع: ضیاء الاسلام پریس۔ ربوہ
مقام اشاعت: دار النصر غربی ۔ ربوہ
قیمت ایک روپیہ
۸۔ امان ۱۳۷۱ ہش ۸۔ مارچ ۱۹۹۲ء

مشعلِ راہ

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ ۔ اللہ تعالیٰ ہمیشہ آپ پر سلامتی نازل فرماتا رہے۔ فرماتے ہیں

۱۔ اگر انسان خدا تعالیٰ کی فرمانبرداری میں مر جائے تو جانے کہ اس نے بڑی عمر حاصل کر لی ہے۔ کیونکہ بڑی عمر کا اصل مدعا جو یہ تھا کہ مخلوق کو فائدہ پہنچائے اور خدا تعالیٰ کے اوامر کی اطاعت کر کے۔ اپنے مولا کو راضی کرے وہ اس نے حاصل کر لیا اور مرتے وقت اس کے دل میں کوئی حسرت نہیں رہی۔

۲۔ بہت سے لوگ دعا کرتے ہیں اور ان کا دل سیر ہو جاتا ہے۔ وہ کہہ اٹھتے ہیں کہ کچھ نہیں بنتا مگر ہماری نصیحت یہ ہے کہ اس خاک پنیری ہی میں برکت ہے۔ کیونکہ آخر گوہر مقصود اسی سے نکل آتا ہے اور ایک دن آجاتا ہے کہ اس کا دل زبان کے ساتھ متعلق ہو جاتا ہے۔ اور پھر خود ہی وہ عاجزی اور رقت جو دعا کے لوازمات ہیں پیدا ہو جاتے ہیں۔

۳۔ اگر دعا کو دل نہ چاہے اور خشوع خضوع دعا میں حاصل نہ ہو تو اس کے حصول کے واسطے بھی دعا کرے اور اس سے ابتلاء میں نہ پڑے کہ میری تو صرف زبان پر ہی ہوتی ہے دل سے نہیں نکلتی۔

۴۔ اگر انسان نیکی نہ کر سکے تو کم از کم نیکی کی نیت تو رکھے کیونکہ ثمرات عموماً نیتوں کے موافق ہوتے ہیں۔

۵۔ نفس امارہ کی تاروں میں جو جکڑا ہوا ہے اس سے رہائی بغیر موت کے ممکن ہی نہیں۔

۶۔ گناہ سے نجات محض خدا تعالیٰ کے فضل اور تصرف سے ملتی ہے۔ جب وہ تصرف کرتا ہے اور دل میں وعظ پیدا ہو جاتا ہے تو پھر ایک نئی قوت انسان کو ملتی ہے۔ جو اس کے دل کو گناہ سے نفرت دلاتی ہے اور نیکیوں کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔

۷۔ کسی ابتلاء پر گھبرانا نہیں چاہئے۔ ابتلاء صاحب ایمان کو اللہ تعالیٰ کے اور قریب کر دیتا ہے اور اس کی وفاداری کو مستحکم بناتا ہے لیکن کچے اور غدار کو الگ کر دیتا ہے۔

۸۔ جو صبر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کے ساتھ ہوتا ہے۔ اور ان پر انعام و اکرام کرتا ہے۔

۹۔ اگر انسان نیکی کرنے کا مصمم ارادہ رکھے اور نیکی نہ کر سکے تب بھی اس کا اجر مل جائے گا۔

۱۰۔ تحصیلِ دین کے بعد طبابت کا پیشہ بہت عمدہ ہے۔

مَیں تھک کر بیٹھنے لگتا ہوں جب بھی
مری رفتار ہو جاتی ہے کچھ تیز
حدِ ادراک سے بالا ہے یہ بات
ارادہ کس کا ہے اور کس کا مہمیز

ابوالاقبال

میدانِ حشر کے تصوّر میں

نہ روک راہ میں مولا! شتاب جانے دے
کھلا تو ہے تری "جنّت" کا "باب" جانے دے

مجھے تو دامنِ رحمت میں ڈھانپ لے یونہی
حساب مجھ سے نہ لے "بے حساب" جانے دے

سوال مجھ سے نہ کر اے مرے سمیع و بصیر
جواب مانگ نہ اے "لاجواب" جانے دے

مرے گنہ تری بخشش سے بڑھ نہیں سکتے
ترے نثار حساب و کتاب جانے دے

تجھے قسم ترے "ستّار" نام کی پیارے
بروئے حشر سوال و جواب جانے دے

بلا قریب کہ یہ "خاک" پاک ہو جائے
نہ کر یہاں مری مٹّی خراب جانے دے

رفیقِ جاں مرے۔ یارِ وفا شعار مرے
یہ آج پردہ دری کیسی؟ پردہ دار مرے

حضرت نواب مبارکہ بیگم صاحبہ

حضور انور کے منظور کردہ منصوبہ "کفالت یکصد یتامیٰ" کے بارے میں ضروری اعلان

جو دوست یتامیٰ کی خبر گیری اور کفالت کے خواہش مند ہوں وہ ایک یتیم کی کفالت کے جملہ اخراجات ادا کر کے اس بابرکت تحریک میں شامل ہو سکتے ہیں۔ مستحق یتیم بچوں پر عمر اور تعلیم کی ضروریات کے لحاظ سے تین سو روپے ماہوار سے سات سو روپے تک ماہوار خرچ کا اندازہ ہے۔ آپ اپنی خواہش اور مالی وسعت کے لحاظ سے جو رقم بھی باقاعدہ ماہوار مقرر کرنا چاہیں کمیٹی کو اس کی اطلاع کر دیں۔ اس غرض کے لئے اپنی رقوم امانت "کفالت یکصد یتامیٰ" خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ میں براہ راست یا مقامی انتظام جماعت کی وساطت سے جمع کروانا شروع کر دیں۔ اگر رقم مقامی جماعت میں ادا کریں تو اس کی اطلاع ذیل کے پتہ پر بھی بھجوا دیں۔

نیز احباب جماعت کی آگاہی کے لئے یہ بھی اعلان کیا جاتا ہے کہ حضور انور نے ایسے احباب کو بھی ادائیگی کی اجازت عطا فرمائی ہے جو گاہے گاہے کوئی رقم مقرر کئے بغیر کچھ نہ کچھ اس مد "کفالت یکصد یتامیٰ" میں مقامی انتظام جماعت کے ذریعہ حسب منشا جمع کرانا چاہتے ہیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

بین المملکتی حالات، واقعات، شخصیات ——— نون سین

اقوام متحدہ کا نیا کردار

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بطرس غالی نے گذشتہ روز (جمعرات) کہا کہ جہاں تک دنیا کے نظام نو کی تشکیل کا تعلق ہے اس کا انحصار عالمی تعلقات میں جمہوریت نوازی سے ہے۔ آپ کو کوئی نیا نظام نہیں ملے گا۔ جب تک عالمی تعلقات جمہوریت کی بناء پر استوار نہ کئے جائیں آپ نے یہ بات اقوام متحدہ کے سیکرٹریٹ کی عمارت کے ایک دفتر میں ایک نیوز ایجنسی سے بات کرتے ہوئے کہی۔ اقوام متحدہ کے چیف ایگزیکٹو نے کہا کہ یہ بات نہایت اہم ہے کہ کسی نئے نظام کے لئے عالمی برادری کے تمام حصوں کو اسے تسلیم کرنا چاہیئے اور وہ اس بات کا یقین دلائیں کہ وہ اس کے حصہ دار بنیں گے۔ مطلب یہ تھا کہ اگر کوئی ملک اپنے اوپر نظام نو وارد نہ کرنا چاہے تو باہر سے ایسا کرنا ممکن نہیں ہو سکتا۔ انہوں نے یہ بھی بتایا کہ عالمی نظام نو کی تشکیل کی بلیو پرنٹ جو ان سے کہا گیا تھا کہ یکم جون تک جنرل اسمبلی کے سامنے پیش کی جائے وہ باقاعدگی کے ساتھ تیار کی جا رہی ہے اور اس میں اس تشکیل نو کے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھا جا رہا ہے اور ان کا کھل کر ذکر بھی کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جہاں تک اس نظام نو کے متعلق میرا ذاتی خیال ہے میں یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ اس کے لئے دو عوامل نہایت ضروری ہیں۔ ایک تو سرد جنگ کا کلی طور پر ختم ہونا ضروری ہے اور دوسرے یہ کہ اوّل آرڈر نیا ہونا چاہیئے اور یہی وہ بات ہے جس کا ہم خاص طور پر اس تیار کی جانے والی دستاویزات میں ذکر کریں گے۔ آپ نے یہ بھی بتایا کہ اقوام متحدہ کے رکن ممالک اقوام متحدہ کے نئے کردار کی ادائیگی میں اس کی کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی نقطہ یہ ہے کہ آپ عالمی حالات پر نظر رکھیں اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے مطابق کام کریں اور تیسری بات یہ کہ اس عالمی تنظیم کے بجٹ میں جو آپ کا حصہ ہے اس کی بروقت ادائیگی کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات واضح ہے کہ اگر یہ کہا جائے کہ اقوام متحدہ کو دنیا کے لئے ایک نیا کردار ادا کرنا چاہیئے اور جو رقم اقوام متحدہ کو دی جانی چاہیئے وہ نہ دی جائے تو ان باتوں میں خاص طور پر تضاد نظر آئے گا۔ انہوں نے کہا کہ آخر کار اقوام متحدہ ہے کیا۔ یہ سب ممالک کے مجموعہ کا نام ہے اور یہ از خود کوئی کردار ادا نہیں کر سکتا۔ جب تک کہ تمام ممالک کی سیاسی سوچ اس سلسلے میں صحیح اطراف میں نہ ڈھل جائے۔ انہوں نے یاد دلایا کہ جن ملکوں کے ذمہ بڑی بڑی رقوم ہیں وہ جلد ہی اقوام متحدہ کو ادائیگی کریں۔

ویلو پوائنٹ کی عارضی بندش

آجکل صحافت خاصی کمرشل ہو گئی ہے یا اخبارات بہت زیادہ روپیہ کما لیتے ہیں یا بالکل ٹھپ ہو جاتے ہیں۔ اگر صرف خریداری پر اخبار کا انحصار ہو تو کہا جا سکتا ہے کہ اخبار کوشش کر کے اپنی سرکولیشن بڑھائے اور اپنے آپ کو جاری رکھنے کا اہتمام کرتا رہے لیکن آجکل اخبارات زیادہ تر اشتہارات پر چلتے ہیں کسی اخبار کو ملنے والے اشتہارات بند کر دیجئے تو اخبار کا ناطقہ بند ہو جاتا ہے۔ اور کسی اخبار کو زیادہ اشتہار دینے لگ جائیے تو اس کے پوں بارہ ہو جاتے ہیں۔ ویلو پوائنٹ جس نے اگست ۱۹۷۵ء میں پہلا شمارہ شائع کیا تھا اور جو اب تک نہایت باوقار طریق پر جاری تھا سنا گیا ہے کہ اب اس نے اپنی اشاعت روک دی ہے۔ چند مہینوں کے لئے ہی سہی لیکن یہ ایک صحافت کا بہت بڑا نقصان ہے اور اشاعت روکی اس لئے گئی ہے کہ اخبار کو مالی مشکلات پیش آ گئی ہیں کہتے ہیں کہ آخری پرچہ اپریل ۲، ۱۹۹۲ء کا تھا۔

اس اخبار کے ایڈیٹر مظہر علی خان تھے جو پاکستانی صحافت میں ایک بہت اونچا نام ہے۔ اخبار ہفتہ وار تھا اور جمہوریت پر یہ تن من دھن کی بازی لگانے والا اخبار نے جیسا کہ اس کے قارئین جانتے ہیں ہمیشہ قانون کی پابندی کی طرف توجہ دلائی اور انسانی حقوق اور امن اور اسلحہ سے آزاد دنیا، ماحول کی صفائی اور وہ لوگ جو سوسائٹی میں گرے پڑے ہیں ان کو اٹھانے کے لئے کوششیں۔ یہ تھا مطمح نظر اخبار کا۔ کہتے ہیں کہ اسی اخبار کو بیس ماہ تک حکومت کی طرف سے اشتہارات ملے۔ اور یہ وہ بیس ماہ تھے جب مس بھٹو برسر اقتدار تھیں۔ اس کے علاوہ کوئی خاص آمدنی نہیں تھی۔ اور ایسی صورت میں یقیناً اخبار زیادہ دیر تک نہیں چلایا جا سکتا تھا۔ اب اخبار کو چند ماہ کے لئے بند کر دیا گیا ہے۔ امید کی جانی چاہیئے کہ یہ اخبار دوبارہ منصہ شہود پر آ جائے گا۔ اور اپنے مطمح نظر کیلئے حتی الامکان کوششیں جاری رکھے گا۔

ویلو پوائنٹ کے لئے انگریزی روزنامہ ڈان میں اسی قسم کا ایک نوٹ شائع ہوا ہے۔

لیبیا

متحدہ عرب امارات کے ایک اخبار نے بتایا ہے کہ لیبیا کے لیڈر معمر قذافی اس بات سے تو انکار کرتے ہیں کہ پان امریکن جہاز کو بم سے اڑانے میں طرابلس کا کوئی ہاتھ ہے۔ لیکن وہ صدر بش کے پاس مل بیٹھ کر اس معاملے کے متعلق گفتگو کرنے کے لئے تیار ہیں۔ اس اخبار کے مطابق قذافی نے یہ بھی کہا کہ لیبیا کا ہرگز کوئی ایسا ارادہ نہیں ہے کہ وہ جوہری ہتھیار حاصل کرے اور وہ بنیاد پرستوں کو جن کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ وہ جوہری ہتھیار حاصل کرنے کی بات کرتے ہیں دبانے کی کوشش کر رہا ہے۔ جس اخبار نے یہ بیان شائع کیا ہے اس کا نام "الاتحاد" ہے۔ مزید اس اخبار نے یہ کہا ہے کہ معمر قذافی نے اس بات کا یقین دلایا کہ وہ امریکہ جا کر صدر بش سے گفت و شنید کے دوران اپنے ملک کے مؤقف کو پوری طرح واضح کرنا چاہتے ہیں۔ گویا کہ وہ انہیں بتائیں گے کہ وہ جہاز کسی نے بھی تباہ کیا ہو تباہ کرنے والا لیبیا کا باشندہ نہیں ہو سکتا۔ جو کچھ انہیں معلوم ہے اور جو تحقیقات کے ذریعے ان کے سامنے آیا ہے وہ صدر بش کے سامنے رکھنا چاہتے ہیں۔

امریکی سی آئی اے نے جو پہلے تحقیق کی تھی جس کے نتیجے میں یہ پتہ چلا تھا کہ لیبیا کا اس حادثے میں کوئی ہاتھ نہیں ہے۔ اس رپورٹ کے متعلق بھی گفت و شنید کئے جانے کا امکان ہے۔

جیسا کہ ہمارے قارئین جانتے ہیں امریکہ اور اس کے مغربی اتحادیوں نے اس بات کا تقاضا کیا ہے اور وہ تقاضا کرتے چلے جا رہے ہیں کہ لیبیا کے دو افراد جن پر شک کیا جا رہا ہے کہ انہوں نے پان ایم کا جہاز تباہ کیا تھا، انہیں برطانیہ یا امریکہ کے حوالے کیا جائے معمر قذافی نے کہا ہے کہ مغربی ممالک کے لئے لازمی ہے کہ وہ لیبیا کو سمجھنے کی کوشش کریں۔

اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل نے جو ریزولیوشن لیبیا کے خلاف منظور کیا ہے اس میں تمام رکن ممالک سے کہا گیا ہے کہ وہ نہ کوئی اپنا جہاز لیبیا جانے دیں۔ اور نہ لیبیا کے کسی جہاز کو اپنے ملک میں اترنے دیں۔ لیبیا کو جہاز فروخت بھی نہ کئے جائیں اور ان کے سپیئر پارٹس بھی نہ دیئے جائیں۔ نہ ہی انہیں اسلحہ فراہم کیا جائے۔ ان ممالک سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اپنے ہاں لیبیا کے سفارتکاروں کی تعداد کو کم کریں اور ملک کے مختلف حصوں میں آمد و رفت پر بھی پابندیاں لگائیں۔

سیکورٹی کونسل کے ۱۵ اراکین میں سے دس نے اس قرارداد کے حق میں ووٹ دیا۔ پانچ نے ووٹ نہیں دیا۔ اس طرح قرارداد کے خلاف کوئی ووٹ نہیں ملا۔ جن پانچ ممالک نے ووٹ نہیں دیا ان کے نام یہ ہیں۔ چین، کیپ ورڈے، مراکش، زمبابوے اور ہندوستان۔ جن ممالک نے اس قرارداد کو پیش کیا تھا وہ امریکہ، برطانیہ اور فرانس ہیں۔ عرب لیگ نے یہ تجویز پیش کی تھی کہ جب تک عالمی عدالت لیبیا کی درخواست کا فیصلہ نہیں کر دیتی اس وقت تک سیکورٹی کونسل اس سلسلے میں کوئی کارروائی نہ کرے۔ لیکن سیکورٹی کونسل نے مناسب سمجھا کہ فیصلہ کر ہی دیا جائے۔ اور لیبیا کو ۱۵ اپریل تک مہلت دی ہے کہ وہ ان دو افراد کو جن پر پان ایم جہاز تباہ کرنے کا الزام ہے امریکہ یا برطانیہ کے سپرد کر دے جو پابندیاں لگائی گئی ہیں وہ پندرہ تاریخ سے شروع ہونگی۔

کہا جاتا ہے اس وقت جو برطانوی اور یورپین لوگ لیبیا میں موجود ہیں انہیں گذشتہ چند روز سے ملک سے باہر جانے سے روکا جا رہا ہے۔ طرابلس میں ایک مغربی سفارتکار نے بتایا (جو نکو سیا سے ٹیلیفون کیا گیا) کہ کچھ بیرونی لوگ جن میں مغربی لوگ بھی شامل ہیں لیبیا سے باہر نہیں جا سکے۔ لیکن انہوں نے

باقی صفحہ ۸ پر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خبریں

ملکی خبریں

○ قومی اسمبلی کے سپیکر نے وزیر اعظم کے خلاف پی۔ ڈی۔ اے کے ریفرنس مسترد کر دئے ہیں۔ اور کہا ہے کہ وزیر اعظم اور ان کے ساتھیوں کو نااہل قرار دینے کے لئے چیف الیکشن کمشنر کے پاس ریفرنس بھیجنے کا کوئی جواز نہیں ہے یاد رہے پی ڈی اے کے بعض ممبروں نے وزیر اعظم پر موٹر وے سکینڈل اور کرپشن کے الزامات کی بنیاد پر تین ریفرنس قومی اسمبلی کو بھیجے تھے۔

○ انسداد دہشت گردی کی عدالت نے پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات سلمان تاثیر کو بغاوت کے الزام میں طلب کر لیا ہے۔ پہلے عدالت نے انہیں حاضری سے مستثنیٰ قرار دے رکھا تھا۔

○ پی پی ۶۵، جھنگ کا ضمنی انتخاب ۱۴ مئی کو ہوگا۔

○ پی پی پی کی شریک چیئرپرسن اور اپوزیشن رہنما نے سول انتظامیہ کے تحت ضمنی انتخابات کا انعقاد یکسر مسترد کر دیا ہے۔

○ پنجاب حکومت نے آئندہ مالی سال میں صحت کا شعبہ پرائیوٹائز کرنے کا فیصلہ کیا ہے پالیسی وضع کر لی گئی ہے جون میں اعلان کر دیا جائے گا۔

○ بیرون ملک سے پاکستانیوں کی بھجوائی جانے والی رقوم میں ۳۰ فیصد کمی کی وجہ سے رواں مالی سال کے بجٹ میں خسارہ مزید زیادہ ہو جائے گا۔

○ جام شورو کے ایٹمی توانائی مرکز میں آگ لگ گئی۔ جس سے لاکھوں روپے کا نقصان ہوا اس حادثے میں تخریب کاری خارج از امکان نہیں۔

غیر ملکی خبریں

○ ترکی کے وزیر اعظم نے ترکی میں زلزلے سے ہونے والی قیامت خیز تباہی اور دوسرے حالات کی وجہ سے پاکستان کا مجوزہ دورہ ملتوی کر دیا ہے۔

○ پی ایل او کے سربراہ یاسر عرفات کا طیارہ سوڈان سے لیبیا جاتے ہوئے ریت کے شدید طوفان میں پھنس گیا اور ۱۲ گھنٹے تک لاپتہ رہا۔ طیارے کی ہنگامی لینڈنگ کے دوران عملہ کے تین افراد ہلاک ہو گئے۔ جب کہ یاسر عرفات کو معمولی خراشیں آئیں اور وہ بال بال بچ گئے۔

بقیہ: ص ۷ سے آگے

کہا کہ یہ ایک عارضی سی بات ہے۔ ہفتہ بھر عرب سفارت کار یہ کوشش کرتے رہے ہیں کہ کسی طرح معاملہ سلجھ جائے۔ لیکن وہ اسی نتیجے پر پہنچے ہیں کہ لیبیا کسی طرح بھی مغربی ممالک کا مطالبہ ماننے کے لئے تیار نہیں ہے۔

ایک اور خبر میں بتایا گیا ہے کہ یہ بات صریحاً غلط ہے کہ برطانوی یا کسی اور یورپی ملک کے کسی باشندے کو لیبیا سے باہر جانے پر کوئی پابندی لگائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو پہلے سے طریق کار رائج ہے وہ جاری ہے اور اس کے مطابق جو برطانوی یا یورپی ممالک کا باشندہ ملک چھوڑنا چاہتا ہے وہ خوشی سے ایسا کر سکتا ہے۔

کیا آپ کے بچے صحت مند ہیں؟

اپنے پھولوں سے بچوں کی صحت اور نشوونما کا خاص خیال رکھیں۔ اگر کسی قسم کی کمزوری ہو تو مندرجہ ذیل ادویات سے انتخاب کریں۔

۱۔ بے بی ٹانک (دودھ پیتے بچوں کیلئے) ۱۲/- BABY TONIC
۲۔ بے بی گروتھ کورس (دس سال تک کے بچوں کیلئے) ۳۰/- BABY GROWTH COURSE
۳۔ کمزوری جسم کورس (نوجوانوں کیلئے) ۱۰۰/- BODY BUILDING COURSE
۴۔ چھوٹا قد کورس (۵ سال سے ۲۰ سال تک کی عمر کیلئے) ۱۰۰/- DWARFISHNESS COURSE
۵۔ بول بستری کورس ۳۵/- BED URINE COURSE
۶۔ مٹی چھوڑ کورس ۲۰/- MITI CHOUR COURSE
۷۔ سوکھا پن کورس (بچوں کا) ۵۰/- MARASMAS COURSE
۸۔ آہستہ دانت نکالنا کیور ۲۰/- SLOW DENTITION CURE
۹۔ بے ترتیب دانت کیور ۲۰/- IRREGULAR TEETH CURE

● ڈاکٹرز اور سٹاکسٹس کیلئے معقول کمیشن ● تین صد یا زائد کے آرڈر پر ڈاک خرچ بذمہ کمپنی۔
● مندرجہ ذیل سٹاکسٹس سے خرید فرمائیں یا براہ راست بذریعہ ڈاک ہم سے منگوائیں۔
● لاہور:۔ کیوریٹو سٹورز اچھرہ شاپنگ سنٹر اچھرہ ● فیصل آباد:۔ کریم میڈیکل ہال گول امین پور بازار
● راولپنڈی:۔ شبیر میڈیکوز بالمقابل کنٹونمنٹ ہسپتال صدر ● پشاور:۔ ہومیو میڈیکل سنٹر نزد ڈاکخانہ سکندر پورہ پشاور شہر ● کوئٹہ:۔ ہومیو پیتھک ڈاکٹر بشارت احمد دکان ۲۴ خوجک روڈ پشین اڈہ ● ملتان:۔ ہومیو ڈاکٹر الطاف حسین ملک صدر بازار
● کراچی:۔ صدر میڈیکل سٹور بالمقابل ایمپریس مارکیٹ صدر کراچی ● حیدر آباد:۔ ابن سینا میڈیکل سٹور گاڑی کھاتہ ● سیالکوٹ:۔ ڈان ڈرگ ہاؤس ریلوے روڈ۔
● گوجرانوالہ:۔ کیوریٹو میڈیسن سروسز گلی حاجی عبدالعزیز باغبانپورہ۔

کیوریٹو میڈیسن کمپنی (ڈاکٹر راجہ ہومیو) رجسٹرڈ ربوہ فون ۶۰۶، ۷۷۱

زبان سیکھنے کے شائقین کیلئے

خوشخبری

مجلس خدام الاحمدیہ مقامی مندرجہ ذیل زبانوں کی کلاسیں شروع کر رہی ہے۔

سرٹیفکیٹ کورس

پشتو - روسی - انگریزی - ترکی - جرمن - فرنچ - عربی

۱۔ کلاس میں داخلہ کی عمر اور تعلیم کی کوئی قید نہیں تاہم انگریزی کی بنیادی واقفیت کا ہونا ضروری ہے۔

۲۔ داخلہ فارم مجلس خدام الاحمدیہ مقامی کے شعبہ امور طلباء / معتمد سے دستیاب ہیں۔

دفتر خدام الاحمدیہ مقامی کے اوقات کار شام ۶ تا ۸ ہیں۔ کلاسیں روزانہ بعد نماز مغرب تا عشاء ہوا کریں گی۔

داخلہ فارم جمع کرانے کی آخری تاریخ ۹۲-۴-۱۸ ہے۔

(ناظم امور طلباء۔ مجلس خدام الاحمدیہ مقامی ربوہ)

معیاری ڈش انٹینا

۴، ۶، ۱۲ کی ڈشوں کی مکمل رائٹی

ٹی وی پوائنٹ فیصل آباد
کوتوالی روڈ۔ فون ۳۰۸۰۶ - ۶۱۰۱۷۸

ڈم ڈم ٹی وی ہاؤس
نزد ہائی وے پل سرگودھا

ربوہ اور ربوہ کے گرد و نواح میں ہر قسم کی جائیداد کی خرید و فروخت ہمارے ذریعہ کیجئے اور خدمت کا موقع دیجئے

شریف احمد بھٹی
پراپرٹی سنٹر

ریلوے روڈ رحمت بازار۔ ربوہ
فون گھر: ۴۳۱ آفس: ۵۲۱